یوسف طاہر قریشی

نعت ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

سارے نبیوں کے سلطاں ہمارے نبی ﷺ
اور رشکِ رسولاں ہمارے نبی ﷺ

ہیں گلستان کی مانند سب انبیا
اور بوئے گلستاں ہمارے نبی ﷺ

ہیں مثال کواکب سبھی انبیا
ماہتابِ درخشاں ہمارے نبی ﷺ

سارے نبیوں کی تعلیم قرآن میں
اور تصویرِ قرآں ہمارے نبی ﷺ

وہ جو پہنچے ''قاب قوسین'' تک
وہ ہیں تفسیر قرآں ہمارے نبی ﷺ

کیا عجب شان ہے ''خاتم الانبیاء''
ہم پہ رب کا ہیں احساں ہمارے نبی ﷺ

چار دانگِ جہاں میں کھلاتے رہے
باغ قرآں کی کلیاں ہمارے نبی ﷺ

یوں تو سارے نبی ہی اولوالمرتبت
سارے نبیوں میں ذیشاں ہمارے نبی ﷺ

زلف ''واللیل'' اور چہر ہے ''والضحیٰ''
ہیں حسینِ حسیناں ہمارے نبی ﷺ

ان کی پہچان سے رب کی پہچان ہے
رحمتِ حق کا عرفاں ہمارے نبی ﷺ

کون کہتا ہے ''مفلس ہیں ہم'' کہ ہمیں
دے گئے کنزِ ایماں ہمارے نبی ﷺ

راہِ فردوس طاہرؔ ہمارے لیے
کر گئے خوب آساں ہمارے نبی ﷺ

اعتذار

ماہنامہ نقیب ختم نبوت کے گزشتہ ماہ کے شمارہ کے صفحہ 14 پر ایک لفظ کتابت کی غلطی سے ''شیخی خور ہے'' لکھا گیا اور اس کی نسبت غیر ارادی طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف ہوگئی (نعوذ باللہ) اصل لفظ ''شیخی خورے'' ہے قارئین تصحیح فرمالیں۔ (ادارہ)